لندن میں شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی کا اجتماع

اجتماع میں ایم کیو ایم کے ذمہ داروں، کارکنوں اور ہمدرد پاکستانیوں کی بڑی تعداد میں شرکت

لندن۔۔۔27،ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے کنوینز اور شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کے بہیمانہ قتل کے خلاف ایم کیو ایم کے دس روزہ سوگ کے آخری دن شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اجتماع ہوا اور شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماع میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے اراکین، ایم کیو ایم برطانیہ یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی، مختلف یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، برطانیہ میں مقیم مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے پاکستانیوں اوران کے اہل خانہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔اس موقع پر ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی اور فاتحہ خوانی کی گئی۔اس موقع پر حافظ مسرور الحسن نے فاتحہ خوانی کرائی۔ بعدازاں اجتماعی دعا کی گئی جس میں شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کے بلند درجات، سوگوار لواحقین کیلئے صبر جمیل، پاکستان کی بقاء وسلامتی اور ایم کیو ایم کے خلاف سازشوں کے خاتمہ کے علاوہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وعافیت کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔

☆☆☆☆☆